NYSED.gov



# NYSESLAT
# معلوماتی کتابچہ برائے والدین

**خوش آمدید! نیویارک ریاستی ادارہ تعلیم (NYSED) کےدو لسانی تعلیم اورعالمی زبانوں کے دفتر (OBEWL) کا مشن اس بات کو یقینی بناتا ہےکہ نیویارک سٹیٹ کےتمام طلبہ بشمول انگریزی زبان سیکھنے والے(ELLs)/کثیر لسانی سیکھنے والے(MLLs) بلند درجے کی تعلیمی کامیابی اور زبان دانی میں مہارت حاصل کریں۔ ہم اس بات کویقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں کے تمام طلبہ کےانفرادی تعلیمی راستے اور سماجی جذباتی ضرورتیں متعدد زبانوں کے زریعے پوری ہوں تاکے وہ اپنے کیریئر اور کالج کے لیے تیار ہو سکیں۔ آپکے بچے کو ہر سال زبان جانچنے کے لیے ایک ٹیسٹ دیا جاتا ہے جسے نیویارک سٹیٹ انگلش بطور سیکنڈ لینگویج اچیومینٹ ٹیسٹ (NYSESLAT) کہتے ہیں.**

## تعارف

NYSESLAT ان تمام طالبعلموں کو دیا جاتا ہے جن کا تعین انگریزی زبان سیکھنے والوں (NYSITELL) کے لئے نیویارک ریاستی شناختی ٹیسٹ کی طرف سے بطور ELL/MLL کیا جاتا ہے- NYSESLAT کا مقصد ان ELLs/MLLs طالبعلموں کےانگریزی قابلیت کی سالانہ جانچ ہے جو نیویارک کے ریاستی سکولوں میں گریڈ K–12 میں داخل ہیں۔ یہ ٹیسٹ ELLs/MLLs کی انگریزی زبان میں پیشرفت سے مطعلق ریاست، سکولوں، والدین اور اساتذہ کو اہم معلومات مہیا کرتا ہے۔

## NYSESLAT کب دیا جاتا ہے؟

NYSESLATعام طور پر موسم بہار کے دوران اپریل اور مئی میں دیا جاتا ہے۔

## طالب علموں سے کس قسم کے سوالات پوچھے جائیں گے؟

NYSESLAT میں کثیرلانتخاب سوالات، مختصرسوالات، تفصیلی سوالات اور انگریزی میں سننے، پوچھنے، لکھنے اور پڑھنے کے زبانی سوالات کیے جاتے ہیں۔ آپ کے بچے کے لئے لازمی ہے کہ ٹیسٹ کے تمام حصوں کے جوابات دیں۔ NYSESLAT ان تمام قسم کی سرگرمیوں اورکاموں کی عکاسی کرتا ہے جو آپکے بچے کو کمرہ جماعت میں کرنا پڑیں گے۔

## NYSESLAT? کے منتظمین کون ہیں؟


NYSESLAT کا انتظام ریاست نیویارک کے ماہرین تعلیم کرتےہیں۔

## میں اپنے بچے کےNYSESLAT سکور کی کاپی کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

سکول آپ کو NYSESLAT سکور کی رپورٹ مہیا کرے گا جو انگریزی زبان میں آپ کے بچے کی پیشرفت سے متعلق مخصوص معلومات دے گا۔

## 2015-2016 اور آنے والے سالوں میں انگریزی زبان میں مہارت کے درجے کیا ہیں؟

انگریزی زبان کی مہا رت کو 4 سے 5 درجوں میں منتقل کر دیا گیا ہے تاکہ طلبہ کے درمیان فرق واضح ہو سکے:




## انگریزی میں مہارت کے درجے کا کیا مطلب ہے؟

NYSESLAT کے مہارت کے درجات کو درج ذیل جدول میں بیان کیا گیا ہے۔

| | انگریزی زبان میں مہارت کے درجےکی تفصیل | درجہ |
|---|---|---|
| ELL خدمات کا اہل | داخلہ کے درجے میں ایک طالبعلم اعلیٰ تعلیمی زبان کی مہارتوں کے ڈھانچے بنانے میں مدد پر انحصار کرتا ہے اور ابھی تک وہ ان لسانی ضروریات کو پورا نہیں کر رہا ہوتا جو انگریزی زبان میں مہارت کو مختلف قسم کے تعلیمی سیاق و سباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ | **داخلہ (آغاز)** |
| | ابہار والے درجے میں ایک طالبعلم اعلیٰ تعلیمی زبان کی مہارتوں کے ڈھانچے بنانے میں مدد پر کسی حد تک انحصار کرتا ہے اور ابھی تک وہ ان لسانی ضروریات کو پورا نہیں کر رہا ہوتا جو انگریزی زبان میں مہارت کو مختلف قسم کے تعلیمی سیاق وسباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ | **ابہار (کم درمیانہ)** |
| | منتقلی والی درجے میں ایک طالبعلم اعلیٰ تعلیمی زبان کی مہارتوں کےڈھانچے بنانے میں کچھ خود انحصاری دکھاتا ہے لیکن ابھی تک وہ ان لسانی ضروریات کو پورا نہیں کر رہا ہوتا جو انگریزی زبان میں مہارت کو مختلف قسم کے تعلیمی سیاق وسباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں | **منتقلی (درمیانہ)** |
| | پھیلاؤ کے درجے میں ایک طالبعلم اعلیٰ تعلیمی زبان کی مہارتوں میں خود انحصاری دکھاتا ہے اور وہ ان ساری لسانی ضروریات جو انگریزی زبان میں مہارت کومختلف قسم کی سیاق وسباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری دسترست کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے۔ | **پھیلاؤ (اعلیٰ)** |
| نااہل برائے ELL خدمات | کمانڈنگ درجے پر ایک طالبعلم تمام لسانی ضروریات جو انگریزی زبان میں مہارت کی مختلف اقسام کے تعلیمی سیاق وسباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری ہیں حاصل کر چکا ہوتا ہے۔ اس درجے پر طالبعلم کو ELL کا طالبعلم نہیں سمجھا جاتا بلکہ اسے دو سالہ ELL خدمات کے لیے حقدار سمجھا جاتا ہے۔ | **کمانڈنگ (ماہر)** |

### اگر میرا بچہ ایک IEP ہے تو کیا NYSESLAT کے دوران اسے ٹیسٹنگ کے لئے خصوصی سہولت کی اجازت ہو گی؟

ہاں! NYSESLAT دیتے وقت وہ ELLs جو انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) میں شامل ہوں کے لیے ٹیسٹینگ سہولیات مہیا کیے جاتے ہیں۔ آپکا بچہ جن خصوصی سہولیات کے لیے حقدار ہے اسکے مخصوص معلومات کے لئے بچے کے استاد سے بات کریں۔ مزید معلومات کے لیے اس ویب سایٹ http://www.p12.nysed.gov/assessment/nyseslat/ پر جائیں۔

### میرا بچہ ELL/MLL کے طور پر کن خدمات کا حقدار ہے؟

آپکا بچہ دولسانی تعلیم (منتقلی یا دو زبانو) اور/یا انگریزی بطور نئے زبان (ENL) کے خدمات کا حقدار ہے۔ آپکے بچے کے مہارت کا درجہ ELL کے خدمات کے منٹوں (کلاس کا دورانیہ) کا تعین کرتا ہے جو وہ ہر ہفتے کے دوران حاصل کرے گا درجہ ذیل چارٹ میں مہارت کے درجے کے مطابق مخصوص منٹ دیکھے جا سکتے ہیں۔

| سطح | K-8 گریڈ ENL اسٹرکشن منٹ فی ہفتہ | گریڈ 9 -12 ENL انسٹرکشن منٹ فی ہفتہ* | دو لسانی پروگرام میں طالبعلم |
|---|---|---|---|
| داخلہ (آغاز) | 360منٹ | 540منٹ | • ایک گھریلو زبان سے متعلق آرٹس کورسدوہرے لسانی مواد کے مضامین میں سے کم ازکم دو |
| ابہار (کم درمیانہ) | 360منٹ | 360منٹ | • ایک گھریلو زبان سے متعلق آرٹس کورسدوہرے لسانی مواد کے مضامین میں سے کم از کم دو |
| منتقلی (درمیانہ) | 180منٹ | 180منٹ | • ایک گھریلو زبان سے متعلق آرٹس کورسدوہرے لسانی مواد کے مضامین میں سے کم از کم ایک |
| پھیلاؤ (ایڈوانس) | 180منٹ | 180منٹ | • ایک گھریلو زبان سے متعلق آرٹس کورسدوہرے لسانی مواد کے مضامین میں سے کم از کم ایک |
| کمانڈنگ (ماہر) | کمانڈنگ کے درجے پر ایک طالبعلم تمام لسانی ضروریات جو انگریزی زبان میں مہارت کی مختلف اقسام کے تعلیمی سیاق و سباق میں ظاہر کرنے کے لیے ضروری ہیں حاصل کر چکا ھوتا ہے اس درجے پر طالبعلم کو ELL کا طالبعلم نہیں سمجھا جاتا بلکہ اسے دو سالہ ELL خدمات کے لیے حقدار سمجھا جاتا ہے۔ | | |

*ENL ہدایات کا ایک حصہ مربوط مواد کے کلاس کے ذریعے ہوسکتا ہے.

### سابقہ ELL خدمات کیا ہیں؟

جب ایک طلبعلم کمانڈنگ درجے پر پہنچتا ہے تو وہ ایک ELL تصور نہیں کیا جاتا اور وہELL خدمات کا اہل نہیں رہتا لیکن سابقہ ELL خدمات کا اہل ہوتا ہے۔ سابقہ ELL خدمات میں ELA/کور کانٹینٹ ایریا میں مربوط ENL کے پانچ یونٹ فی ہفتہ مطالعہ شامل ہے یا دوسرے منظور شدہ ELL خدمات دو اضافی سالوں کے لیے۔ ان طالبعلموں کو انفرادی جانکاری کی مدد اور جانچ کا حصول لازمی جاری رکھنا ہوتا ہے جو تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے کے لیے تعلیمی اورلسانی ترقی کی پمائش کرتاہے۔

### میں اپنے بچے کو NYSESLAT کے لیے کس طرح تیار کر سکتا/کر سکتی ہوں؟

ایسی بہت ساری چیزیں ہیں جو والدین NYSESLAT کی تیاری میں طالبعلم کی مدد کر سکتے ہیں کچھ تجاویز یہ ہیں:

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ اپکا بچہ ہرٹیسٹ سیشن سے پہلے مناسب نیند لے اورغذائی اعتبار سے مناسب غذا کھائے۔
- بچے کو ٹیسٹ کے متعلق مثبت حوصلہ اور یقین دھانی کروائیں کیونکہ یہ آپکے بچے کے ٹیسٹ سکور پر مثبت اثر ڈالتا ہے۔
- ہر ٹیسٹ کے تجربے سے متعلق تمام موصول ہونے والے معلومات آپ بچے کے ساتھ پڑھیں اور ان کا جایزہ لیں.
- بچے کو یقین دھانی کروایئں کہ یہ تجزیہ اس کی انگریزی زبان کی ترقی کی پیمائش کے لیے ہے۔
- بچے کے کمرہ جماعت کے ساتھ اورانگریزی بطور نئی زبان/انگریزی بطور دوسری زبان (ENL/ESL) یا دو لسانی زبان کا استاد جو آپ گھر پر مہیا کریں اور جو اسکی مدد کرے کے ساتھ قریبی تعلق اور کام رکھیں۔

### اضافی زرائع اور مدد

NYSESLAT کے متعلق معلومات کے لیے اس ویب سایٹ پر وزٹ کریں http://www.p12.nysed.gov/assessment/nyseslat/ اور https://www.engageny.org/resource/spring-2015-nyseslat-resources۔ انگریزی زبان میں مہارت اور بچے کے درجے کے بارے میں مزید سوالات ہوں تو اس ای میل emscassessinfo@nysed.gov پر رابطہ کریں یا اس نمبر 518-474-8775 پر کال کریں۔ دولسانی/ ENL خدمات سے متعلق سوالات دولسانی تعلیم اور عالمی زبانوں (OBEWL) کے دفتر کو بذریعہ فون 518-474-8775 یا ای میل obefls@nysed.gov بھیجیں جا سکتے ہیں۔

ELL کے خدمات کے متعلق سوالات اور معلومات کے لیےرابطہ کریں
nysparenthotline@nyu.edu
ELL Parent Hotline: (800) 469-8224

اضافی سوالات؟
برائے مہربانی اپنے سوالات اورآرا دولسانی تعلیم اور عالمی زبانوں
کے دفتر کو ارسال کریں: OBEFLS@nysed.gov
یا کال کریں: 718-722-2445
مزید معلومات کے لیےNYSESLAT رابطہ کریں:
http://www.p12.nysed.gov/assessment/nyseslat/

NYSED.gov